
© rasailojaraid.com

# تبصرہ کتب

محمد رمضان یوسف سلفی



## حقوق سیریز

مصنف: حافظ صلاح الدین یوسف

ناشر: ادارہ دارالسلام

مفسر قرآن حضرت مولانا حافظ صلاح الدین یوسف حفظہ اللہ جماعت کے ان اصحاب علم وفضل اور اہل قلم سے ہیں کہ جنہیں خدمت قرآن وحدیث کے بڑے وسیع مواقع میسر آئے ہیں اور انہوں نے اس میدان میں نہ صرف یہ کہ بڑی قابل قدر تصنیفی خدمات سرانجام دی ہیں' بلکہ اپنی قلم کاریوں سے انمٹ نقوش ثبت کیے ہیں۔

تفسیر احسن البیان ان کی قرآنی خدمات کا بڑا کارنامہ ہے۔ اس کی مقبولیت کا عالم یہ ہے کہ اس تفسیر کو سعودی حکومت نے شاہ فہد قرآن کمپلیکس کی طرف سے لاکھوں کی تعداد میں شائع کرکے حجاج کرام کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کی اور ہنوز یہ سلسلہ جاری ہے۔ اس کے علاوہ حافظ صلاح الدین صاحب دسیوں کتب لکھ چکے ہیں جو ادارہ دارالسلام اور دیگر اشاعتی اداروں کی طرف سے شائع ہو چکی ہیں۔ حافظ صاحب کا تصنیفی ذوق نہایت صاف ستھرا ہے۔ وہ عرصہ دراز تک ہفت روزہ الاعتصام کی ادارت سے منسلک رہے ہیں۔ وہ صحافی بھی ہیں اور مدبر بھی' محقق بھی ہیں اور نقاد بھی' مفسر قرآن بھی ہیں اور احادیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے شارح بھی۔

پیش نگاہ ''حقوق سیریز'' ان کی نئی کاوش ہے۔ اس میں انہوں نے معاشرے کی اصلاح کیلئے بنیادی امور کو موضوع بنایا ہے اور چھوٹے بڑے پانچ رسائل میں ''حقوق اللہ'' حقوق العباد' حقوق الوالدین' حقوق الزوجین اور حقوق اولاد پر خوبصورت پیرائے میں ان عنوانات پر داد تحقیق دی ہے۔ اب حافظ صاحب کے تحریر فرمودہ ان پانچ رسائل کا تعارف پیش کیا جاتا ہے۔

### (۱) حقوق اللہ

چوالیس صفحات پر مشتمل اس رسالے میں حافظ صاحب نے حقوق اللہ بیان کرتے ہوئے توحید الٰہی' نماز' زکوٰۃ' روزہ اور حج بیت اللہ پر گفتگو فرمائی ہے اور ان مسائل کو قرآن وحدیث کی روشنی میں نکھار کر پیش کیا ہے۔

### (۲) حقوق العباد

یہ بڑا اہم مسئلہ ہے۔ اس کی نزاکت کو محسوس کرتے ہوئے لائق مصنف نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے عائد کردہ ایک بندے پر دوسرے بندے کے حقوق کی بات کی ہے۔ اس ضمن میں انہوں نے جن حقوق العباد کا تذکرہ کرکے دعوت فکر دی ہے۔ ان میں رشتے داروں کے حقوق' ہمسایوں کے حقوق' یتیموں اور مسکینوں کے حقوق' ملازمین کے حقوق' حکمرانوں اور رعایا کا حق' عام مسلمانوں کا حق' غیر مسلموں کا حق' آجر اور مزدور کے حقوق' حقوق العباد کی ادائیگی میں معاون چند اہم امور ایسے قابل توجہ عنوانات پر حقوق العباد کو اجاگر کیا گیا ہے۔ یہ رسالہ ۷۲ صفحات پر مشتمل ہے۔

### (۳) حقوق الوالدین

یہ رسالہ ۲۴ صفحات پر محتوی ہے۔ اس میں والدین کے حقوق کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ چنانچہ اولاد کو چاہئے کہ وہ والدین کی قدر ومنزلت اور عزت کا لحاظ رکھتے ہوئے ان کے حقوق اچھی طرح ادا کریں۔

### (۴) حقوق اولاد

۶۸ صفحات پر مشتمل یہ رسالہ بڑا معلوماتی ہے۔ اس میں والدین کو توجہ دلائی گئی ہے کہ وہ اپنی اولاد کی اچھی تربیت کریں۔ انہیں اسلامی تعلیم' آداب اور اچھے اخلاق سے بہرہ ور کریں۔ انہیں رزق حلال کھلائیں اور اعلیٰ اخلاق وکردار کا حامل بنائیں۔

### (۵) حقوق الزوجین

میاں بیوی کا تعلق کوئی گڈھی گڈھے کا کھیل نہیں بلکہ یہ ایک مثالی رشتہ ہے۔ امر واقعہ یہ ہے کہ بہت سے لوگ اس رشتے کی نزاکتوں کا خیال نہیں رکھتے اور آئے روز چھوٹی چھوٹی باتوں میں آکر اپنی بیویوں کے حقوق پامال کرتے ہوئے ان پر ظلم ڈھاتے ہیں۔ حافظ صاحب نے بڑے احسن پیرائے میں میاں بیوی کے حقوق کو وضاحت وصفائی سے بیان کیا ہے۔ بلکہ اسلامی تعلیم کے تناظر میں ایک شوہر پر بیوی کے جو حقوق وفرائض ہیں' اس پر قرآن وحدیث کی روشنی میں گفتگو کی ہے۔ ۴۰ صفحات کا یہ رسالہ بڑا عمدہ ہے۔ بلاشبہ حقوق سیریز اصلاح معاشرہ کیلئے مفید رسائل کا مجموعہ ہے۔ اسے گھر کے ہر فرد کو پڑھنا چاہئے اور دوستوں کو تحفہ میں دینا چاہئے۔ تمام رسائل اعلیٰ معیار پر شائع کیے گئے ہیں۔ قیمت بھی مناسب ہے۔ دارالسلام کی یہ کاوش قابل قدر ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

## انگریز اور وہابی

مصنف: مولانا عبدالمجید خادم سوہدروی رحمۃ اللہ علیہ

صفحات: ۵۵ قیمت: ۲۵ روپے

ناشر: مسلم پبلیکیشنز سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ

''انگریز اور وہابی'' مولانا عبدالمجید خادم سوہدروی رحمۃ اللہ علیہ کا مشہور زمانہ رسالہ ہے۔ اس میں انہوں نے بعض انگریز اور دوسرے لوگوں کی ''وہابی'' کے متعلق غلط فہمیوں اور دشنام طرازیوں کا مسکت اور سنجیدہ جواب دیا ہے اور انگریز مصنفین کی تحریروں سے اقتباسات پیش کر کے ثابت کیا ہے کہ وہابی بڑے نیک اپنے مذہب کے پابند' وعدے کے پکے اور دین کے سچے ہیں۔ اس رسالے میں مولانا خادم مرحوم نے عام مسلمان اور وہابی' حنفی اور وہابی کے متعلق نظریہ سید احمد شہید کی مقبولیت اور ان کا نظم ونسق' عقائد واعمال وہابیہ اور انگریز وہابی کی جنگ سے متعلق اختصار کے ساتھ حقائق پیش کیے ہیں۔ یہ رسالہ بڑا دلچسپ ہے۔ اس کے مطالعہ سے بڑی معلومات اور آگاہی ملتی ہے۔ عرصے سے یہ رسالہ نایاب تھا۔ اللہ بھلا کرے مولانا ادریس فاروقی صاحب کا کہ انہوں نے دور حاضر کے تقاضے ملحوظ رکھتے ہوئے خوبصورت کمپوزنگ اور طباعت کے ساتھ اس رسالے کو شائع کروایا ہے۔



© rasailojaraid.com